Islamiat Elective - 9th Class Islamiat Elective Chapter 2 Urdu Medium Preparation

Q1. سورۃ التوبہ کی آیت نمبر 128 کے مطابق نبی کریم کی دو صفات لکھیے

Ans 1: قرآن مجید کی مذکورہ بالاسورۃ التوبہ کی آیت میں ارشاد ہوتا ہے کہ بے شک تمہارے پاس ایک ایسے رسول تشریف لائے ہیں اور وہ تم میں سے ہیں جن پر تمہارا مشقت میں پڑنا سخت گران گزرتا ہے جو تمہاری بھلائی کے چاہنے والے ہیں جو ایمانداروں کے ساتھ بڑے ہی شفیق اور مہربان رہیں

Q2. تزکیہ نفوس کی وضاحت کیجیے

Ans 1: نبی کریم صلی علیہ وسلم کے اوصاف میں سے ایک وصف تزکیہ نفوس ہے آپ صدیوں گمراہ اور بد کردار لوگوں کے دلوں کو گندگیوں سے پاک کرتے ہیں بت پرستی او گناہوں کے ارتکاب کی وجہ سے لوگوں کے دل سیاہ ہوگے تھے رسول کریم ان کے دلوں ککو صاف اور پاک کردیتے ہیں بگڑی ہوئی انسانیت کو حیوانیت سے نکال کر اخلاق عالیہ سے آراستہ کرنا رسول عربی کا ہی کام ہے عرف جیسی غیر مہذب قوم کو تہذیب کی بلندیوں پر پہنچا دینا تزکیہ نفوس نہیں تو اور کیا ہے

Q3. المتکبر کے معنی لکھیں.

Ans 1: المتکبر کے معنی ہیں بڑی عظمت والا.

Q4. خاتم النبین ہونا کیسی خوبی ہے

Ans 1: اللہ تعالی نے اپنے آخری نبی جناب محمد رسول اللہ کو خاتم النبی بنا کر دنیا میں بھیجا ہے جس کا مطلب ہے ککہ آپ کے بعد اب کوئی نبی کسی بھی شکل میں نہیں آے گا جو بھی کہے گا کہ وہ نبی ہے وہ جھوٹا مکار ہے اور کسی طرح بھی مسلم معاشرے میں قابل معافی نہیں ہے دیگر تمام انبیا کرام کی نسبت آپ کی یہ خوبی پوری دنیا میں ایک منفرد اعزاز ک شاندار مالک خوبی ہے جو کسی بھی اور نبی کی مثال نہیں کہلا سکتی

Q5. اللہ کے عظیم احسان سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: اللہ کے عظیم احسان سے مراد نبہ کریم(ص) کی تشریف آوری ہے.یہ اللہ کا وہ احسان ہے جس کا شکر ادا نہیں کیا جا سکتا.

Q6. ترجمہ اور تشریح کیجیے ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولک رسول اللہ وخاتم النبین وکان اللہ بکل شی علیما

Ans 1: ترجمہ: مہمد تمہارے میں سے کسی کے باپ نہیں لیکن اللہ کے رسول ہیں اور تمام نبیوں میں سے آخری ہیں اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے

Ans 2: تشریح: آپ مردوں میں کسی کے باپ نہیں کیونکہ آپ کی نرینہ اولاد بچپن میں فوت ہوگئی یوں آپ کی تشریف آوری سے نبوت کا وہ سلسلہ جو حضرت آدم علیہ اسلام سے شروع ہوا تھا ختم ہوتا ہے آپ کے بعد کوئی اور رسول یا نبی نہیں آسکتا

Q7. من، ضلال الفاظ کے معانی لکھیے

Ans 1: من: احسان ضلال: گمراہی

Q8. اسماء الحسنی کا مفہوم لکھیں.

Ans 1: اسماء الحسنی کا مفہوم ہے کہ اللہ کے صفاتی نام بہیت اچھے ہیں یعنی وہ تمام نام جن سے اللہ کی مختلف صفات کا اظہار ہوتا ہے.نہایت اچھے ہیں

Q9. وضاحت کیجیے وتنزع الملک ممن تشاء

Ans 1: اور جس سے چاہتا ہے ملک چھین لیتا ہے یعنی بادشاہت دینے کا اختیار اللہ تعالی کے پاس ہے جسے چاہتا ہے بادشاہ بنا دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے بادشاہت جھین لیتا ہے

Q10. مُبَشّرًا وَّ نَذِیرًا کا ترجمہ لکھیں.

Ans 1: خوشخبری سنانے والااور ڈرانے والا.